© rasailojaraid.com





# حسنِ انتقاد

سید محمد ذوالکفل بخاری

نام کتاب: ایمان کی جان، شہد سے میٹھا نام محمد ﷺ

مرتب: قاضی محمد اسرائیل گڑنگی۔ قیمت: -/۹۰ روپے، ضخامت: ۵۱۲ صفحات۔

ملنے کا پتہ: مکتبہ انوارِ مدینہ، جامع مسجد صدیق اکبر، محلہ صدیق آباد، مانسہرہ۔ صوبہ سرحد۔

مولانا قاضی محمد اسرائیل صاحب دینی حلقوں میں محتاجِ تعارف نہیں۔ مختلف مضامین اور کتابوں کے حوالہ سے جانے پہچانے جاتے ہیں۔ ان کی ایک تازہ کتاب "ایمان کی جان شہد سے میٹھا نام محمد ﷺ" اسوقت زیرِ نظر ہے۔ اس کتاب میں فاضل مرتب نے نبی اکرم ﷺ کے اسم گرامی کے مختلف اشیا پر نمودار ہونے کے واقعات کو ذکر کیا ہے۔ جبکہ دوسرے حصے میں مختلف مضامین اور تیسرے حصے میں نبی کریم ﷺ کی شان اقدس میں لکھی جانیوالی بائیس زبانوں میں نعتیں شامل ہیں۔

فاضل مرتب کی یہ کاوش اس طور پر بنظر احسن دیکھی جائے گی کہ اسمیں قریباً بائیس مختلف زبانوں میں نعتوں کا مجموعہ شامل ہے۔ کتاب کے حصہ واقعات میں گو بعض ایسے واقعات بھی جگہ پا گئے ہیں جو روایت و درایت کے اعتبار سے محل نظر ہیں مگر مجموعی طور پر کتاب لائق مطالعہ ہے۔

نام کتاب: اللہ ہی اللہ۔ مرتب: قاضی محمد اسرائیل صاحب

ضخامت: ۱۱۲ صفحات: قیمت -/۲۰ روپے

اللہ رب العزت کی وحدانیت کے نشانات جگہ جگہ بکھرے ہوئے ہیں۔ جو انسان کو غور و فکر اور تدبر کی طرف راغب کرتے ہیں کہ وہ اس کائنات ارضی و سماوی میں غور کرے اور جانے کہ اس کائنات کا بنانیوالا بھی کوئی ہے۔

قاضی نے اس کتاب میں دس ایسے واقعات کو جمع کر دیا ہے جن سے اللہ کی وحدانیت مترشح ہوتی ہے۔ جنھیں پڑھ کر ایک دہریہ بھی اللہ کے وجود سے انکار نہیں کر سکتا۔ ساتھ ہی حمدیہ نظموں کا مجموعہ بھی قابلِ قدر اضافہ ہے۔

کتاب لائق مطالعہ ہے۔ کتابت وطباعت گوارا۔ قیمت مناسب ہے۔

© rasailojaraid.com